## اشتہار نیلام عام نمبر 1

متروکہ وقف زرعی اراضیات دیہی برائے عرصہ تین سال از خریف 2021ء تا ربیع 2024ء پٹہ داری پر دی جانی مقصود ہیں۔ نیلام عام میں ہر عاقل و بالغ پاکستانی شہری ماسوائے باقیدار محکمہ، سرکاری و نیم سرکاری ادارے کا ملازم، ساڑھے چار ایکڑ اراضی سے زائد کے مالک اور ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی سے زائد کے کاشتکار حصہ لے سکتے ہیں۔ شامل شیڈول لاٹ ہائے کے بارے میں کسی بھی مجاز عدالت سے جاری شدہ حکم امتناعی مقررہ تاریخِ نیلام سے ایک روز قبل تک دفتر زیر دستخطی میں پیش کر کے لاٹ کو نیلام سے خارج کروایا جا سکتا ہے۔ کاروائی نیلام عام صبح 10:00 بجے شروع ہوگی اور دن 01:00 بجے کو اختتام پذیر ہوگی۔ 01:00 بجے کے بعد آنے والے حضرات نیلامی میں شامل نہیں ہو سکتے ہیں۔ کامیاب بولی دہندہ دخل/قبضہ سے پہلے محکمہ ہذا سے لیز ایگریمنٹ کرنے کا پابند ہوگا۔ لیز ایگریمنٹ پر آنے والا خرچہ بذمہ پٹہ دار ہوگا۔ نیز کامیاب بولی دہندہ سے ایک سال کا زرِ پٹہ موقع پر پیشگی وصول کیا جائے گا۔ کامیاب بولی دہندہ کو قبضہ نہ ملنے کی صورت میں زرِ پٹہ سالانہ کی واپسی کے لئے ایک ماہ کے اندر محکمہ ہذا سے رجوع کر سکتا ہے۔ بصورتِ دیگر زرِ پٹہ واپس نہیں کیا جائے گا۔ دوسرے نمبر پر آنے والا بولی دہندہ بھی زرِ پٹہ داخل خزانہ سرکار کروانے کا پابند ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ کی نیلامی منسوخ ہونے یا جمع شدہ رقم واپس کرنے کی صورت میں دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو لاٹ مذکورہ کا کامیاب بولی دہندہ تصور کیا جائے گا۔ بصورتِ دیگر جمع شدہ زرِ پٹہ ایک ماہ بعد واپس کر دیا جائے گا اور موصولہ درخواست بابت واپسی زرِ پٹہ ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر اور زونل ایڈمنسٹریٹر اندر معیاد ایک ہفتہ ہیڈ آفس ارسال کرنے کے پابند ہونگے۔ مزید تفصیلات دفتری اوقاتِ کار میں دفتر زیر دستخطی سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔ خواہشمند حضرات اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ آفیسر زیر دستخطی کو اختیار ہوگا کہ وہ کوئی بھی لاٹ نیلام سے خارج یا ملتوی بغیر کوئی وجہ بتائے کر سکتا ہے۔ نوٹ۔ **(نیلام عام میں حصہ لینے والے حضرات ملک بھر میں کورونا وباء کے پیشِ نظر ماسک ضرور پہنیں۔)**

**تفصیل زرعی اراضیات ضلع پشاور مورخہ 26-04-2021 بمقام دفتر متروکہ وقف املاک ناز سینما روڈ ممند پلازہ جناح مارکیٹ چوک یادگار پشاور میں ہوگی۔**

| نمبر شمار | نام ضلع | نام موضع/تحصیل | لاٹ نمبر | خسرہ نمبرات | رقبہ مرلہ---کنال |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | چارسدہ | ماہزارہ، شبقدر | 01 | 937 | 12----16 |
| 2 | چارسدہ | کوتک ترناب، شبقدر | 01 | 1784من | 02----14 |
| 3 | چارسدہ | اٹکی، شبقدر | 01 | 2272، 283، 1540/282 to 293 وغیرہ | 25----17 |
| 4 | چارسدہ | اوچولہ، شبقدر | 01 | 55 | 14----11 |
| 5 | کوہاٹ | ڈھوڈہ | 01 | 3431 | 02----04 |
| 6 | کوہاٹ | ڈھوڈہ | 02 | 2318 | 01----00 |
| 7 | کوہاٹ | پرشی | 02 | 733، 734من، 736، 735، 793 | 51----03 |
| 8 | کوہاٹ | پرشی | 01 | 3911/1 , 3915 , 3909/1 , 3912 , 3911 | 59----00 |
| 9 | کوہاٹ | کاہی ہنگو | 01 | 11725, 11721 | 02----08 |
| 10 | پشاور | سنگو | 01 | 2964، 2968، 2978، 3000، 3001 وغیرہ | 25----10 |

**نوٹ: کوئی بھی لاٹ نیلام عام میں رہ جانے کی صورت میں دوبارہ تاریخ 04-05-2021 وسہ بارہ تاریخ 10-05-2021 چوتھی بار 19-05-2021 پانچویں بار 24-05-2021 چھٹی بار 27-05-2021 بمقام دفتر ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک ناز سینما روڈ ممند پلازہ جناح مارکیٹ چوک یادگار پشاور میں ہوگی۔**

المشتہر

ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر

متروکہ وقف املاک

مہمند پلازہ، ناز سینما روڈ، پشاور

فون نمبر:091-2214399